# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 25 July-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۵/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ پارلیمنٹ میں بجٹ پر بحث کا آغاز؛ حزبِ اختلاف کی جماعتوں کا بھید بھاؤ کرنے کا الزام؛ ایوان سے واک آؤٹ، حکومت کی جانب سے الزامات کی تردید۔

☆ مہاراشٹر کے ریلوے منصوبوں کیلئے بجٹ میں 15 ہزار 940 کروڑ روپے مختص۔

☆ کسانوں کو ہلدی کی کاشت کرنے کی ترغیب دینے اور ہلدی کلسٹر کے قیام کیلئے حوصلہ افزائی کرنے کی وزیر اعلیٰ کی ہدایات۔

☆ 93 ویں کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کے صدر فادر فرانسس ڈِبریٹو کا انتقال۔

اور۔۔۔☆ پیرس اولمپک 2024 مقابلوں میں بھارتی کھلاڑیوں کی مہم کا آج سے آغاز۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

پارلیمنٹ میں گزشتہ روز سے بجٹ پر بحث کا آغاز ہوا۔ اس دوران مرکزی وزیر مالیات نرملا سیتا رمن نے بجٹ میں فنڈز کی تقسیم میں ریاستوں کے ساتھ امتیازی سلوک کرنے کے حزبِ اختلاف کے الزام کو مسترد کر دیا۔ کل راجیہ سبھا میں بجٹ پر بات کرتے ہوئے سیتا رمن نے کہا کہ بجٹ سے متعلق تقریر میں ہر ریاست کا نام لینا ممکن نہیں ہوتا ہے، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ان ریاستوں کو کچھ بھی نہیں دیا گیا۔ مہاراشٹر اور مغربی بنگال میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کو منظوری دینے کی طرف انھوں نے ایوان کی توجہ مبذول کروائی۔

قبل ازیں ایوان کی کارروائی شروع ہونے سے پہلے حزبِ اختلاف کی جماعتوں نے پارلیمنٹ ہاؤس کی سیڑھیوں پر مظاہرہ کیا۔ کانگریس صدر اور راجیہ سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف ملکارجن کھرگے نے ایوان میں اپوزیشن پارٹیوں کی حکومت والی ریاستوں کے ساتھ بجٹ میں ناانصافی کرنے کی تنقید کی۔ وزیرِ خزانہ کی جانب سے اعتراضات کا جواب دینے کے بعد بھی حزبِ اختلاف کے ارکان نے ایوان سے واک آؤٹ کیا۔ اس مسئلے پر کھرگے نے پارلیمنٹ کے اندر اور باہر احتجاج کرنے کی وضاحت بھی کی۔

اس موضوع پر حزبِ اختلاف کی جماعتوں نے لوک سبھا میں بھی کام کاج کی مخالفت کی۔ بعد ازاں کانگریس کی رُکنِ پارلیمان کماری سیلجا، سماج وادی پارٹی کے ویریندر سنگھ، ڈی ایم کے' کے دیاندھی مارن، ترنمول کانگریس کے ابھیشیک بینرجی نے بحث میں حصہ لیتے ہوئے بجٹ پر نکتہ چینی کی۔ جبکہ بی جے پی کے وِپلو کمار دیو نے 2014 میں بی جے پی کے اقتدار میں آنے کے بعد اقتصادی نظام میں شفافیت آنے کا دعویٰ کیا۔

***** ***** *****

رواں سال کے مالیاتی بجٹ میں مہاراشٹر میں ریلوے منصوبوں کیلئے ریکارڈ ساز 15 ہزار 940 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو

نے گزشتہ روز ایک صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ مہاراشٹر میں اب تک نئے ریلوے راستوں، ریلوے ٹریک کو دو اور تین روٹ میں تبدیل کرنے جیسے منصوبوں کیلئے 8 ہزار 581 کروڑ روپے، جبکہ گتی شکتی ملٹی ماڈل ٹرمینلز اور ریلوے اسٹیشنوں کے کاموں کیلئے ایک لاکھ 30 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی اطلاع بھی انھوں[4] نے دی۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ اطلاعات ونشریات اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ حکومت جھوٹ اور بے بنیاد باتوں کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے پابندِ عہد ہے۔ کل لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں انہوں نے یہ جانکاری دی۔

***** ***** *****

صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو آئندہ پیر کو ممبئی میں ودھان بھون کے مرکزی اجلاس گاہ میں موجودہ اور سابق ارکانِ اسمبلی سے خطاب کریں گی۔ اس موقع پر ان کے ہاتھوں 18-2017 کے بہترین پارلیمنٹرین اور بہتر تقریر کرنے والے ارکان کو ایوارڈز تفویض کیے جائیں گے۔ اس موقع پر صدرِ مملکت کے ہاتھوں ''ایوانِ بالا کی ضرورت اور اہمیت'' نامی کتاب کا اجراء بھی کیا جائے گا۔

***** ***** *****

ریاست میں کسانوں کو ہلدی کی کاشت کرنے اور ہلدی کا کلسٹر بنانے کی ترغیب دینے کی ہدایات وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے دی ہیں۔ گزشتہ روز بسمت کے ہلدی ریسرچ سنٹر کا جائزاتی اجلاس منعقد ہوا' اس موقعے پر وزیرِ اعلیٰ خطاب کر رہے تھے۔ اس سنٹر کیلئے 800 کروڑ روپے کے فنڈ کو منظوری دی گئی ہے، لہٰذا یہ پروجیکٹ اندرونِ تین سال تیار کرنے کی ہدایت بھی وزیرِ اعلیٰ نے دی۔

***** ***** *****

کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے مہایوتی حکومت سے ریاست میں مشکلات کا شکار کسانوں کے قرضہ جات فوری معاف کرنے کا مطالبہ کیا ہے، ایک صحافتی بیان کے ذریعے انھوں نے یہ مطالبہ کیا ہے۔

***** ***** *****

عوام کے مسائل ومطالبات کی یکسوئی کیلئے آئندہ 16 تا 29 اگست تک حکومت کے خلاف احتجاجی تحریک چلانے کا انتباہ کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا نے دیا ہے۔ ناسک میں منعقدہ میٹنگ کے بعد پارٹی رہنما بھالچندر کانگو نے کل ایک صحافتی کانفرنس میں یہ جانکاری دی۔ انہوں نے ریاست میں ذات پات کی سیاست کے موجودہ ماحول میں لوگوں کے بنیادی مسائل کو پس پشت ڈالے جانے کا الزام بھی عائد کیا۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنما منوج جرانگے نے اپنی بھوک ہڑتال ختم کر دی ہے۔ گزشتہ پانچ دنوں سے جالنہ ضلع کے انتر والی سراٹی میں وہ بھوک ہڑتال کر رہے تھے۔ دریں اثناء جرانگے پاٹل کو علاج کیلئے چھترپتی سمبھاجی نگر کے ایک خانگی اسپتال میں شریک کیا گیا ہے۔
اسی اثنا' مراٹھا ریزرویشن ذیلی کمیٹی کے رکن شمبھوراج دیسائی نے حیدرآباد گزیٹ میں دستیاب دستاویزات کی جانچ کا کام تیزی سے مکمل کرنے کی ہدایت متعلقہ دستے کو دی ہے۔ وہ گزشتہ روز اس سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ دیسائی نے تجویز دی ہے کہ مراٹھا کنبی سرٹیفکیٹ سے محروم افراد کو سرٹیفکیٹ جاری کرنے کیلئے ایک علیحدہ نظام بنایا جائے، ساتھ ہی قریبی رشتے داروں سے متعلق دستاویزات کی جانچ اور جسٹس شندے کمیٹی کی معیاد میں توسیع کیلئے کارروائی کرنے کے احکامات بھی دیسائی نے دیئے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

ونچیت بہوجن آگھاڑی کے قومی صدر پرکاش امبیڈکر کی قیادت میں آج سے ریزرویشن بچاؤ یاترا شروع ہورہی ہے۔ چیتیہ بھومی[4] سے شروع ہونے والی یہ یاترا کولہاپور، سانگلی، لاتور، عثمان آباد، بیڑ، پربھنی، ناندیڑ، ایوت محل، امراوتی، آکولہ، جالنہ، بلڈانہ، اضلاع میں پہنچے گی اور آئندہ 7 اگست کو چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایک جلسۂ عام کے ساتھ اس یاترا کا اختتام ہوگا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے تین ہزار سے زائد آبادی والے دیہاتوں میں آج سے وزیرِ اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے اندراج کیلئے رجسٹریشن کیمپ لگائے جائیں گے۔ ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کل منعقدہ جائزاتی اجلاس میں یہ اطلاع دی۔ میونسپل کارپوریشن اور نگر پریشد حدود میں بھی اندراج کے کاموں کو تیز کرنے کے احکامات انھوں نے دیئے۔ ضلع میں اب تک تقریباً پانچ لاکھ 13 ہزار ایک سوتیس خواتین نے اس اسکیم کیلئے اندراج کیے ہیں۔

ناندیڑ میونسپل کارپوریشن کے 23 مراکز کے ذریعے اس اسکیم کے اندراجات کیے جارہے ہیں۔ اب تک تقریباً بارہ ہزار درخواستیں داخل کی جاچکی ہیں اور زیادہ سے زیادہ خواتین سے اندراج کرنے کی اپیل ناندیڑ میونسپل کمشنر ڈاکٹر مہیش کمار ڈوئی پھوڑے نے کی ہے۔

پربھنی ضلعے میں بھی اس اسکیم کی تشہیر کیلئے پالم، گنگا کھیڑ، اور پورنا میں معلوماتی کیمپ لگائے گئے۔ پورنا تعلقہ کے تقریباً 13 ہزار 290 خواتین کے اندراج کیے جانے کی اطلاع علاقائی افسر جیوراج نے دی ہے۔

***** ***** *****

93 ؍کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کے صدر فادر فرانسس ڈِبریٹو کا آج وسئی میں انتقال ہوگیا۔ وہ 82 برس کے تھے۔ ڈی بریٹو کی ''آنندا چے ترنگ'' ''اوئسس چیا شودھات''، ''تیجا چی پاؤلے'' سجنا موہور جیسی تصنیفات کافی مقبول ہوئی تھیں۔ اُن کی آخری رسومات آج شام چھ بجے وسئی میں ادا کی جائیں گی۔

***** ***** *****

پیرس اولمپک 2024 مقابلوں میں بھارتی کھلاڑیوں کی خطابی مہم آج سے شروع ہوگی۔ مقابلوں کا رسمی افتتاح کل ہوگا۔ تیراندازی میں دیپیکا کماری، اَنکیتا بھگت، بھجن کور، بی دھیرج، ترون دیپ رائے اور پروین جادھو سنگل زمرے میں کھیلیں گے۔

***** ***** *****

ریاست کے اقلیتی اُمور اور مارکیٹنگ محکمہ کے وزیر عبدالستار کو چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کا رابطہ وزیر مقرر کیا گیا ہے۔ سابق وزیر سندیپان بھومرے کے رکنِ پارلیمنٹ منتخب ہونے پر یہ عہدہ خالی ہوگیا تھا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع صنعتی مرکز کی جانب سے کل اِگنائٹ مہاراشٹر 2024 کے ایک روزہ تربیتی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاؤڑے نے اس موقعے پر خطاب کیا۔ دیگر ایک اجلاس میں ضلع کلکٹر نے حکومت کی مختلف اسکیمات کا جائزہ لیا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے تلجاپور تعلقے کے ساور گاؤں کے ابتدائی طبّی مرکز کے میڈیکل آفیسر ڈاکٹر نتن گنڈ تین ہزار روپے رشوت لیتے ہوئے انسدادِ رشوت ستانی دستے نے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ کمیونٹی ہیلتھ ورکروں کی دو دِنوں کی چھٹی منظور کرنے کے لئے انھوں نے یہ رشوت طلب کی تھی۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پارلیمنٹ میں بجٹ پر بحث کا آغاز؛ حزبِ اختلاف کی جماعتوں کا بھید بھاؤ کرنے کا الزام؛ ایوان سے واک آؤٹ؛ حکومت کی جانب سے الزامات کی تردید۔

☆ مہاراشٹر کے ریلوے منصوبوں کیلئے بجٹ میں 15 ہزار 940 کروڑ روپے مختص۔

☆ کسانوں کو ہلدی کی کاشت کرنے کی ترغیب دینے اور ہلدی کلسٹر کے قیام کیلئے حوصلہ افزائی کرنے کی وزیر اعلیٰ کی ہدایات۔

☆ 93 کُل ہند مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کے صدر فادر فرانسس ڈِبریٹو کا انتقال۔

اور۔۔۔☆ پیرس اولمپک 2024 مقابلوں میں بھارتی کھلاڑیوں کی مہم کا آج سے آغاز۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****